| سبقی منصوبہ بندی: 1 | مضمون: واقفیت عامہ | جماعت: اوّل | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 8 | اُستاد کا نام: ____ |

سبق کا نام: میر اسکول

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اپنے سکول کا نام اور پتا بتا سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

**سبق کا تعارف:**

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "میر اسکول" نمایاں کر کے لکھیں۔ طلبہ سے باری باری ان کے اسکول کا نام پوچھیں۔ طلبہ کو بتائیں آج ہم "میر اسکول" پڑھیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 31 سے متن پڑھوائیں۔ پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو مشکل پیش آئے تو ان کی رہنمائی کریں۔ اور مشکل الفاظ کے معانی بتا۔
- طلبہ کو سکول کے بارے میں بتائیں کہ سکول وہ جگہ ہوتی ہے جہاں ہم تعلیم حاصل کرتے ہیں۔
- انھیں بتائیں سکول میں مختلف کمرے اور جگہیں ہوتی ہیں جیسا کہ لائبریری، کمرا جماعت، کمپیوٹر لیب، سائنس لیب، پرنسپل کا کمرا، سٹاف روم، کینٹین، کھیل کا میدان وغیرہ۔ انھیں ان کمروں اور جگھوں کی مثال اپنے اسکول کا جائزہ کرواتے ہوئے بتائیں۔ انھیں بتائیں کہ یہ تمام کمرے یا جگہیں کن مقاصد کے لیے استعمال ہوتی ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ سکول میں اساتذہ، پرنسپل اور دیگر عملہ ہوتا ہے۔ ہر ایک کے بارے میں طلبہ کو بتائیں کہ ان لوگوں کا سکول میں کیا کردار ہوتا ہے؟
- طلبہ کو اُن کے سکول کا نام دہرانے کے لیے کہیں۔
- طلبہ سے پوچھیں کہ کیا وہ جانتے ہیں کہ اُن کا سکول کہاں واقع ہے؟ ان سے سکول کا پتا پوچھیں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
| --- | --- | --- |
| سکول | سکُول | مدرسہ۔ مکتب |
| سٹاف | سٹاف | سکول کا عملہ |
| اخلاق | اِخ۔لاَق | عادتیں |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں کہ:

آپ کے سکول کا کیا نام ہے؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ کو گروہ میں تقسیم کریں اور ان سے کہیں اپنے کمرا جماعت کے بارے میں گفتگو کریں۔ کہ ان کے کمرے میں کتنی ٹیبل اور کرسیاں ہیں اور اس کے علاوہ کیا کیا موجود ہے؟

| اُستاد کا نام:_____ | ہفتہ:8 | تاریخ:_______ | وقت:40منٹ |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت:اوّل | مضمون:واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی:2 |

## سبق کا نام: میرا اسکول

### حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اپنے سکول میں ملنے والے لوگوں (اساتذہ، طلبہ، پرنسپل اور دیگر عملہ وغیرہ) کو پہچان سکیں۔

### تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

### سبق کا تعارف: 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "میرا اسکول" نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ کمرا جماعت کے سامنے آئیں، اسکول کا تعارف کروائیں اور تعارف کے چند جملے تختہ تحریر پر لکھ دیں۔

میں ___________ جماعت میں پڑھتا ہوں۔

میرے سکول کا نام___________ ہے۔

میرے سکول میں___________ کمرے ہیں۔

میرے سکول میں___________ اساتذہ ہیں۔

طلبہ کی حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بجائیں۔

### طریقہ تدریس: 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 31 سے متن پڑھوائیں۔ پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو جہاں مشکل پیش آئے تو ان کی رہنمائی کریں۔ مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو فلیش کارڈ دکھائیں۔ انھیں بتائیں کہ یہ ایک سکول کی تصویر ہے۔ اس تصویر کی مدد سے سکول میں موجود مختلف جگہوں اور کمروں کے بارے میں پوچھیں۔

- انھیں ہدایت دیں کہ وہ اپنے سکول کی تصویر بنائیں اور اس میں مختلف جگہوں یا کمروں کو بنائیں اور اس تصویر میں رنگ بھی بھریں۔
- طلبہ کو سکول کی تصویر بنانے اور اس میں رنگ بھرنے میں مدد فراہم کریں۔
- مقررہ وقت پر سرگرمی مکمل کرنے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| شاندار | شان۔دار | عالی شان |
| محنت | مح۔نَت | کوشش |
| چند | چَنْد | کچھ / تھوڑے |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں کہ:

آپ کے سکول میں کتنے کمرے ہیں؟

آپ کے سکول میں کتنے اساتذہ ہیں؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ کمرا جماعت میں ساتھیوں سے کے بارے میں گفتگو کریں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

**سوال نمبر 1:** اپنے سکول کے بارے میں تین جملے لکھیں۔

جواب: ____________________

____________________

____________________

| سبقی منصوبہ بندی: 3 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: اوّل | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 8 | اُستاد کا نام: ________ |

**سبق کا نام: میرا اسکول**

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اپنے سکول میں ملنے والے لوگوں (اساتذہ، طلبہ، پرنسپل اور دیگر عملہ وغیرہ) کو پہچان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''میرا اسکول'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

آپ کے سکول کا کیا نام ہے اور اس میں کتنے کمرے ہیں؟

آپ کے سکول میں کتنے اساتذہ ہیں؟

جواب دینے میں طلبہ کی مدد اور حوصلہ افزائی کریں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 31 سے متن پڑھوائیں۔ پڑھنے کے دوران میں بچوں کو جہاں مشکل پیش آئے تو ان کی رہنمائی کریں۔ اور مشکل الفاظ کے معانی بھی بتائیں۔
- کتاب میں دی ہوئی تصویر کا مشاہدہ کرنے کے لیے کہیں اور طلبہ سے تصویر کے بارے میں پوچھیں کہ:
- یہ تصویر کس جگہ کی ہے؟
- آپ کے سکول میں کتنے کمرے ہیں؟
- لائبریری میں ہم کیا کرتے ہیں؟
- کھیل کے میدان میں بچے کیا کرتے ہیں؟
- سکول میں بچے مزے مزے کی چیزیں کہاں سے لیتے ہیں؟

- جواب دینے میں طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ان کے جوابات تختہ تحریر پر لکھیں۔
- انھیں بتائیں کہ بچے سکول میں پڑھنا، لکھنا سیکھتے ہیں۔ ایک دوسرے کے ساتھ مل جل کر رہنا اور اپنی چیزیں دوسروں سے مل بانٹ کر استعمال کرنا سیکھتے ہیں جو ایک اچھا عمل ہے۔ انھیں بتائیں کہ تمام بچے سکول میں کھیلتے ہیں۔ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں۔ تصویروں میں رنگ بھرتے ہیں۔
  انھیں ہدایت دیں کہ وہ دل لگا کر پڑھیں۔
- طلبہ کو بتائیں اُن کے سکول میں کتنے اساتذہ اور طالب علم ہیں۔
- طلبہ کو سٹاف رُوم کے بارے میں بھی بتائیں سٹاف روم سکول کے عملے کے لیے بنایا جاتا ہے۔
- سکول کو صاف رکھنے کے لیے خاکروب ہوتے ہیں۔ جو پورے سکول کو صاف ستھرا کرتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ یہ ہمارا بھی فرض بنتا ہے کہ ہم اپنے سکول کو گندا نہ کریں اور اس کو صاف رکھیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| علاوہ | عِ۔لا۔وَہ | سِوا |
| آرام دہ | آرام۔دِہ | پُرسکون |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(ا) کا سوال(i) کا جواب طلبہ سے لیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اپنے سکول کی تصویر بنائیں اور رنگ بھریں۔